کُتب

اوراق گم گشتہ

مصنفہ:۔ رحیم بخش شاہین ، مطبوعہ:۔ اسلامک پبلیکیشنز شاہ عالمی لاہور۔ قیمت :۔ ۲۵ روپے

جناب رحیم بخش شاہین ان فال فال درویش صفت نوجوانوں میں سے ہیں جو مالی سود و زیادہ اور صلہ وستائش سے بے نیاز اپنے تحقیقی کاموں میں مستغرق رہتے ہیں۔ آپ کو علامہ اقبال سے گہرا قلبی لگاؤ ہے اور ان کے نوادرات اور بکھری ہوئی تحریروں کو جمع کرنے کا خاص شوق رکھتے ہیں۔ اوراق گم گشتہ ان کی کاوش و جستجو کا پہلا ثمرہ ہے۔ اوراق گم گشتہ میں شامل تحروں سے علامہ اقبال کی زندگی اور افکار کے کئی نئے گوشے روشن ہوتے ہیں۔ محققین اقبالیات کے لیے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے اور اُمید ہے کہ حلقہ اقبالیین میں اسے قدر کی نظروں سے دیکھا جائے گا۔

طباعت میں اسلامک پبلی کیشنز نے اپنا روایتی معیار برقرار رکھا ہے اور موجودہ گرانی کے دور میں قیمت بھی مناسب ہے۔

بچّوں کے لیے قرآن، بچّوں کے لیے حدیث اور بچّوں کے خطرے

مصنف :۔ ڈاکٹر عبدالرؤف

مطبوعہ:۔ فیروزسنز شاہراہ قائداعظم لاہور

بچّوں کے لیے یہ تینوں کتابیں ڈاکٹر عبدالرؤف حال پرنسپل سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور کی تصنیف کردہ ہیں، جن کا نام تعلیمی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں ڈاکٹر صاحب کو اللہ تعالیٰ نے دل درد مند عطا کیا ہے اور دینی خدمت کا جذبہ انہیں پیہم بیقرار اور ہمہ وقت مصروف رکھتا ہے۔ ماہر نفسیات کی حیثیت سے آپ نے بچّوں کی نفسیات کا گہرا مطالعہ کیا ہے اور بچّوں کیلئے قرآن اور حدیث سے ایسے گہرہائے تابدار منتخب کیے ہیں جو بچّوں کی سیرت سازی کیلئے ان کی عقل وفہم میں بآسانی آسکیں۔ ان کتابوں کے چند ایڈیشن پہلے بھی شائع ہوچکے ہیں جنہیں ملک بھر میں قدردانی کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ نئے ایڈیشن طباعت کے اعتبار سے بہتر اور ان کے ٹائیٹل زیادہ جاذب نظر ہیں۔